چینی زبان میں قرآنِ کریم کا پہلا منظوم ترجمہ

انگریزی ماہنامہ "اسلامک وائس" (بنگلور) کی ایک اطلاع کے مطابق چین میں حال میں چینی زبان میں قرآن مجید کا ایک ترجمہ منظرِ عام پر آیا ہے جسے چینی زبان میں اولین منظوم ترجمہ ہونے کا شرف حاصل ہے۔ اس کے مترجم کا نام نامی پروفیسر الحاج یحییٰ لن سانگ (YAHYA LIN SONG) ہے۔ مذکورہ منظوم ترجمے کے دو EDITIONS شائع ہوئے ہیں۔ ایک میں صرف ترجمہ ہے اور دوسرا ترجمہ اور عربی متن دونوں پر مشتمل ہے۔

اس سے پہلے چینی زبان میں قرآنِ حکیم کے نو ترجمے شائع ہو چکے ہیں مگر وہ سب کے سب نثر میں ہیں۔ اس طرح مجموعی طور پر منظوم ترجمے کو چینی زبان میں دسواں ترجمہ قرآن ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ چینی زبان کے بعض مترجمینِ قرآن کے اسمائے گرامی حسبِ ذیل ہیں:- مرحوم عبدالرحیم وانگ جنگژائی (ABDUR RAHIM WANG JINGZHAI) مرحوم نورالدین یانگ ژانگمنگ (NURUDDIN YANG ZHANGMING) مرحوم عبداللہ شی زیژاؤ (ABDULLAH SHI ZIZHAU) مرحوم الحاج محمد ماجین (MUHAMMAD MAJIAN) وغیرہ۔

(مرسلہ ڈاکٹر مقصود احمد۔ بڑودہ)

ایک منفرد ترجمہ قرآن

پاکستان کے مشہور عالم دین مولانا سید شبیر احمد نے تراجم قرآن کے میدان میں ایک نئے ترجمہ کا اضافہ کیا ہے۔ اس میں ایک نیا انداز اپنایا گیا ہے جس کے باعث تراجم کے وسیع میدان میں اسے ایک طرح کی انفرادیت حاصل ہے۔ اس کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ ترجمہ دو رنگوں میں ہے (سرخ اور نیلا) اہتمام یہ کیا گیا ہے کہ جس رنگ میں عربی لفظ ہے اسی میں اس کا ترجمہ بھی ہے۔ اگر ایک عربی لفظ سرخ رنگ میں ہے تو اس کا اردو قالب بھی سرخ ہی رنگ میں ہے۔ اس کے بعد عربی لفظ نیلے رنگ میں ہے تو اس کا اردو ترجمہ بھی نیلے رنگ میں ہے۔